بسم اللہ الرحمن الرحیم

سلام کرتے وقت "ورحمۃ اللہ" کے بعد "تعالی" کا اضافہ کرنا کیسا؟

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

السلام علیکم ورحمۃ اللہ تعالی وبرکاتہ "میں تعالی کا اضافہ کرکے سلام کہنا کیسا، یونہی "وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ تعالی وبرکاتہ "میں تعالی کا اضافہ کرکے کہنا کیسا؟

جواب

سلام میں "تعالی" کا اضافہ کرنا جائز ہے کہ یہ اسم جلالت کی تعظیم کے سبب ہے، نہ کہ سلام میں اضافہ اور اس کا ثبوت اسلاف سے ثابت ہے۔

مصنف ابن شیبہ میں ہے: "عن میمون، أن رجلا سلم علی سلمان الفارسي، فقال: **السلام علیکم ورحمة اللہ تعالی وبرکاته،** فقال: سلمان: «حسبك»، ثم رد علی الذي قال، ثم أراد أخری فقال له الرجل: أتعرفني یا أبا عبد اللہ؟ فقال: «أما روحي فقد عرف روحك» "ترجمہ: حضرت میمون رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کو سلام کیا اور کہا "السلام علیکم ورحمۃ اللہ تعالی وبرکاتہ "پھر حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا "تجھے کافی ہے پھر آپ نے سلام کہنے والے شخص کو جواب دیا، پھر آپ نے دوسری مرتبہ جواب دینے کا ارادہ کیا، تو ان کو ایک آدمی نے کہا کہ اے عبد اللہ! کیا تم مجھے پہچانتے ہو تو آپ نے فرمایا: میری روح نے تیری روح کو پہچان لیا۔ (مصنف ابن شیبہ، ج6، ص133، مطبوعہ کوئٹہ)

دعوت اسلامی کے اشاعتی ادارے "مکتبۃ المدینہ" کے مطبوعہ رسالہ بنام "ٹی وی اور مووی" رسالہ میں ہے: "حضرت غزالی دوراں علامہ سید احمد سعید کاظمی رحمۃ اللہ تعالی علیہ جائز ویڈیو فلم کے جواز کے قائل تھے۔ اور آپ علیہ الرحمۃ نے ٹی، وی اور مووی کے جواز پر لکھی گئی کتاب کی زوردار انداز میں تصدیق فرمائی۔ چنانچہ آپ رحمہ اللہ تعالیٰ نے نہ صرف شہزادہ محدث اعظم ہند کچھوچھوی (رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ) حضرت علامہ محمد مَدَنی میاں اشرفی مدظلہ العالیٰ کی ویڈیو اور ٹی وی کے شرعی استعمال سے متعلق تحقیق کی تصدیق فرمائی بلکہ اس تحقیق پر انھیں رئیس المحققین کے شاندار لقب سے بھی نوازا۔ آپ رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: ''رئیس المحققین حضرت علامہ سید محمد مَدَنی الاشرفی الجیلانی دامت معالیھم **وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ تعالیٰ وبرکاتہ۔** مزاج اقدس؟۔ "(ٹی وی اور مووی، ص 26،27، مکتبۃ المدینہ)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: ابو شاہد مولانا محمد ماجد علی مدنی

فتوی نمبر: WAT-4952

تاریخ اجراء: 20شوال المکرم1447ھ/09اپریل2026ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net